# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 13 June-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۳؍جون ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ احمد آباد طیارہ حادثے میں 241 افراد ہلاک؛ ہاسٹل کے کچھ طلبہ کی ہلاکت کا بھی امکان؛ حادثے کی تحقیقات شروع۔

☆ صدرِ جمہوریہ و وزیرِ اعظم کا اظہارِ افسوس؛ ٹاٹا گروپ کی جانب سے ہلاک شدگان کے اہلِ خانہ کو فی کس ایک کروڑ روپئے امداد کا اعلان۔

☆ معاشی اداروں پر سائبر حملے روکنے کیلئے ریاستی امدادی بینک کی جانب سے سائبر سیکوریٹی مرکز کا قیام۔

☆ ایس ٹی کارپوریشن کی نجی کاری نہیں ہوگی: ٹرانسپورٹ وزیر پرتاپ سرنائیک کی وضاحت۔

اور۔۔۔☆ ترقی یافتہ زرعی سنکلپ مہم کا اختتام۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

گجرات کے احمد آباد میں کل ہوئے بھیانک ہوائی جہاز حادثے میں 241 افراد ہلاک ہوگئے۔ کل دوپہر ڈیڑھ بجے احمد آباد سے لندن جانے کیلئے اُڑان بھرنے والا ایئر انڈیا کا مسافر بردار جہاز اُڑان بھرنے کے بعد کچھ سیکنڈ میں ہی بی جے میڈیکل کالج کے ہاسٹل علاقے میں گر گیا۔ ہوائی جہاز میں دو پائیلٹ اور دس ملازمین سمیت 242 افراد تھے۔ ان میں سے رمیش وشواس کمار نامی ایک برٹش مسافر بچ گیا ہے؛ جبکہ گجرات کے سابق وزیرِ اعلیٰ وجئے روپانی سمیت 241 افراد کے ہلاک ہونے کی اطلاع ہے۔ ہلاک شدگان میں بھارتی مسافرین سمیت 52 برٹش، ایک کینیڈین جبکہ سات پرتگالی شامل ہیں۔ ہلاک شدگان کی شناخت کیلئے احمد آباد کے بی جے میڈیکل کالج میں DNA جانچ کی سہولت شروع کی گئی ہے اور مسافرین کے افرادِ خاندان سے DNA کے نمونے دینے کی بات کہی گئی ہے۔

دریں اثناء اس حادثے میں کالج کے ہاسٹل میں رہنے والے 15 تا 20 طلبہ کے ہلاک ہونے کا امکان نیوز ایجنسی کی جانب سے ظاہر کیا گیا ہے۔ حادثہ پیش آتے ہی ہاسٹل کے کئی طلبہ نے جان بچانے کیلئے اوپری منزل سے نیچے چھلانگ لگادی تھی۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو نے اس حادثے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ اس دُکھ کی گھڑی میں پورا ملک متاثرہ خاندان کے ساتھ کھڑا ہے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی، وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس، نائب وزرائے اعلیٰ ایکناتھ شندے، واجیت پوار نے حادثے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج صبح احمد آباد پہنچ گئے ہیں۔ دریں اثناء اس حادثے کے بعد کل وزیرِ داخلہ امیت شاہ اور مرکزی شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو احمد آباد پہنچے اور حادثے کا جائزہ لینے کے بعد شاہ نے صحافیوں سے کیے گئے خطاب میں اس حادثے کی تحقیقات شروع کرنے کی بات کہی ہے۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Home Minister Amit Shah**

دریں اثناء اس حادثے میں مرنے والوں کے خاندان کو ٹاٹا گروپ کی جانب سے فی کس ایک کروڑ روپے مدد کا اعلان کیا گیا ہے۔ زخمیوں کا مکمل علاج بھی ٹاٹا گروپ ہی برداشت کرے گا اور حادثے میں بی جے پی کالج کے ہاسٹل کو تعمیر کرنے کی اطلاع ٹاٹا گروپ کے چیئرمین این چندر شیکھرن نے سوشل میڈیا پر دی۔ ہوائی جہاز بنانے والی کمپنی بوئنگ نے بھی اس معاملے میں ایئر انڈیا کا مکمل تعاون کرنے کی بات کہی ہے۔

***** ***** *****

معاشی اداروں پر سائبر حملوں کی بڑھتی تعداد کو دیکھ کر ریاستی امدادی بینک نے سائبر سیکوریٹی آپریشن سینٹر کا قیام کیا ہے۔ واشی میں تعمیر کردہ اس مرکز کا آج نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار کے ہاتھوں افتتاح ہوگا۔ بینک کے چیئرمین وِدّیا دھر اَناسکر نے یہ اطلاع دی۔ ''سہکار سُرکشا'' اس نام سے یہ مرکز کام کرے گا اور ریاست کے امدادی بینک اور کوآپریٹیو سوسائٹی سے کسی بھی قسم کا معاوضہ نہ لیتے ہوئے یہ خدمات فراہم کی جائیں گی۔

***** ***** *****

عالمی یوگا دِن آئندہ 21 تاریخ کو منایا جائے گا۔ اس دن صبح ساڑھے چھ بجے تا سات بجکر 40 منٹ پر ایک لاکھ سے زائد یوگا پروگرام منعقد کیے جانے کی اطلاع مرکزی مملکتی وزیرِ آیوش پرتاپ راؤ جادھو نے دی ہے۔ اس مرتبہ کے یوگ دن کا موضوع ''ایک زمین ایک صحت کیلئے یوگ'' ہے۔ اس مرتبہ کا مرکزی پروگرام آندھرا پردیش کے وشاکھا پٹنم میں ہوگا اور اس پروگرام میں وزیرِ اعظم نریندر مودی سمیت تقریباً 40 ملکوں کے نمائندے بھی شرکت کریں گے۔

دریں اثناء یوگ دن کے ضمن میں ہم روزانہ ایک آسن سے متعلق معلومات فراہم کر رہے ہیں۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کی یوگا ٹریز ڈاکٹر ارچنا دیشمکھ نے پرَوتاسن کے بارے میں کہا کہ اس سے پیٹھ کے منکے میں لچک پیدا ہوتی ہے، پھیپھڑے صحت مند ہوتے ہیں اور کندھوں کے درد میں افاقہ ہوتا ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

وزیرِ ٹرانسپورٹ اور دھاراشیو ضلع کے سرپرست وزیر پرتاپ سرنائیک نے واضح کیا ہے کہ ریاستی ٹرانسپورٹ (ایس ٹی) کارپوریشن کی نجی کاری نہیں کی جائیگی۔ وہ کل دھاراشیو میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ سرنائیک نے کہا کہ نجی طور پر لیز پر لی گئی بسیں منسوخ کی جارہی ہیں اور کارپوریشن کی اپنی پانچ ہزار بسیں جلد آجائیں گی۔

***** ***** *****

اہلیا نگر ضلع سے آشاڑھی یاترا کیلئے پنڈھرپور جانے والی پالکھیوں کیلئے ریاستی حکومت نے دو کروڑ 61 لاکھ 80 ہزار کا فنڈ منظور کیا ہے۔ ریاستی آبی وسائل کے وزیر و ضلع کے رابطہ وزیر رادھا کرشن وکھے پاٹل نے یہ اطلاع دی۔ ضلع سے ہر سال تقریبا 160 سے زائد مقامی پالکھیاں پنڈھرپور جاتی ہیں۔

***** ***** *****

ریاست میں بلدیاتی انتخابات سے قبل وارڈ تشکیل پروگرام کا اعلان کیا گیا ہے۔ اے، بی اور سی زمرے کی میونسپل کارپوریشن بشمول برہن ممبئی میونسپل کارپوریشن کو 11 جون تا 29 اگست 2025 تک وارڈ تشکیل کا عمل مکمل کرنا ہوگا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ قدیم ورثہ تحفظ کمیٹی نے قدیم فنِ تعمیر کی بگاڑ کو روکنے کیلئے کوششیں کرنے کی ضرورت کا اظہار کیا ہے۔کل چھتر پتی سمبھا جی نگر میں کمیٹی کی میٹنگ ہوئی۔ بزرگ اسکالر ڈاکٹر پربھاکر دیو کی صدارت میں ہوئی اس میٹنگ میں مراٹھواڑہ میں 13 ویں صدی تک کے قدیم فنِ تعمیر کا سروے اور دستاویز بحال کرنے، بحال شدہ کنوؤں کے پانی کے باقاعدہ استعمال پر توجہ دینے اور قدیم تعمیراتی مقامات پر ثقافتی پروگراموں کے انعقاد سمیت کئی قراردادیں منظور کی گئیں۔

**** **** *****

ترقی یافتہ زرعی سنکلپ مہم کل اختتام پذیر ہوگئی۔
اس ضمن میں پربھنی ضلعے کے پورنا تعلقے کے کاتنیشور میں منعقدہ مہم کی اختتامی تقریب میں وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کے تحقیقی شعبے کے ڈائریکٹر ڈاکٹر خضر بیگ نے بتایا کہ اس مہم کے دوران ہم نے 90 دیہاتوں میں پہنچ کر فصلوں کے پیداواری خرچ کو کم کرنے اور پیداوار بڑھانے سے متعلق کسانوں کی رہنمائی کی۔
اس مہم کے تحت کل جالنہ ضلع کے پوکڑ وڑگاؤں اور گوڑا پانگری میں رہنمائی ورکشاپ منعقد کیا گیا۔تخم کی تیاری کے عمل سمیت دیگر ٹیکنالوجیز کے بارے میں ماہرین نے کسانوں کو معلومات فراہم کیں۔

**** **** *****

ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کے تحت دسویں اور بارہویں جماعت کے سپلیمنٹری امتحانات کے ہال ٹکٹس تعلیمی بورڈ کی ویب سائٹ پر دستیاب کر دیے گئے ہیں۔تمام ثانوی اسکولوں اور جونیئر کالجوں سمیت طلباء اور سرپرستوں سے اس کا نوٹس لینے کی درخواست کی گئی ہے۔

**** **** *****

وزیرِ حمل ونقل پرتاپ سرنائیک نے کل بیڑ ضلعے کے مساجوگ میں آنجہانی سنتوش دیشمکھ کے اہلِ خانہ سے ملاقات کی۔سرنائیک نے متوفی دیشمکھ کی بیٹی ویبھوی دیشمکھ کی بارہویں جماعت کے امتحانات میں کامیابی پر اس کی ستائش کی اور اسے ایک لیپ ٹاپ تحفہ میں دیا۔سرنائیک نے، مالی مشکلات کی بناء پر ویبھوی دیشمکھ کی تعلیم میں رخنہ اندازی نہ ہونے دینے کا تیقن بھی دیا۔

**** **** *****

چھتر پتی سمبھا جی نگر سرکاری طبّی کالج اور اسپتال (گھاٹی) میں مریضوں کو سی ٹی اسکین اور ایم آر آئی جانچ کیلئے موجودہ فیس سے نصف فیس ادا کرنا ہوگی۔ یہ فیصلہ گزشتہ روز ضلع منصوبہ بندی کمیٹی کے اجلاس میں لیا گیا۔ضلع میں مختلف ترقیاتی کاموں کیلئے 849 کروڑ روپے کے مجموعی اخراجات کو بھی اس اجلاس میں منظوری دی گئی۔

**** **** *****

جالنہ شہر سمیت ضلعے میں گھن گرج سمیت زوردار بارش ہوئی۔منٹھا تعلقے کے عمر کھیڑہ میں ایک کسان پر بجلی گرنے سے وہ ہلاک ہوگیا۔
ناندیڑ ضلعے کے کنوٹ تعلقے کے ایک نالے میں طغیانی آنے سے ایک بیل گاڑی پلٹ گئی۔اس میں ایک پانچ سالہ بچے کے بہہ جانے کی اطلاع ہے۔
چھتر پتی سمبھا جی نگر کے سدھارتھ گارڈن چڑیا گھر کی کمان سے متصل دیوار گرنے سے پیش آئے حادثے کے ضمن میں متعلقہ کانٹریکٹر کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔پرسوں تیز ہواؤں سے گارڈن کے داخلی گیٹ کی کمان کی دیوار منہدم ہونے سے دو خواتین ہلاک ہوگئی تھیں۔ضلع میں کل تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوئی۔

**** **** *****

::::::سرخیاں:::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ احمد آباد طیارہ حادثے میں 241 افراد ہلاک؛ ہاسٹل کے کچھ طلبہ کی ہلاکت کا بھی امکان؛ حادثے کی تحقیقات شروع۔

☆ صدرِ جمہوریہ و وزیرِ اعظم کا اظہارِ افسوس؛ ٹاٹا گروپ کی جانب سے ہلاک شدگان کے اہلِ خانہ کو فی کس ایک کروڑ روپئے امداد کا اعلان۔

☆ معاشی اداروں پر سائبر حملے روکنے کیلئے ریاستی امدادی بینک کی جانب سے سائبر سیکوریٹی مرکز کا قیام۔

☆ ایس ٹی کارپوریشن کی نجی کاری نہیں ہوگی: ٹرانسپورٹ وزیر پرتاپ سرنائیک کی وضاحت۔

اور۔۔۔☆ ترقی یافتہ زرعی سنکلپ مہم کا اختتام۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****